سوال

جب احتلام ہوتا ہے یا بغیر احتلام منی خارج ہوتی ہے تو کیا جسم پر موجود سارے کپڑے ناپاک ہوجاتے ہیں یا نہیں ۔ اگر جسم پر موجود سارے کپڑے ناپاک ہوجاتے ہیں تو کیا بے دھیانی سے اگر ناپاکی کی حالت میں ہم کوئی اور کپڑا بھی بعد میں اپنے اوپر اوڑھتے ہیں تو کیا وہ

جواب

منی کے خروج سے کپڑوں کی ناپاکی؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ جب احتلام ہوتا ہے یا بغیر احتلام منی خارج ہوتی ہے تو کیا جسم پر موجود سارے کپڑے ناپاک ہوجاتے ہیں یا نہیں ۔ اگر جسم پر موجود سارے کپڑے ناپاک ہوجاتے ہیں تو کیا بے دھیانی سے اگر ناپاکی کی حالت میں ہم کوئی اور کپڑا بھی بعد میں اپنے اوپر اوڑھتے ہیں تو کیا وہ بھی ناپاک ہوجاتا ہے ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! پہلی بات تو یہ ہے کہ منی پاک ہے ، جس کے کپڑوں کو لگنے سے کپڑے ناپاک نہیں ہوتے ہیں ۔ منی خارج ہونے سے غسل واجب ہوتا ہے ۔ اور اگر کپڑوں کو منی لگ جائے تو صرف اتنی جگہ کو دھولینا ہی کافی ہے ، جہاں جہاں منی لگی ہو۔ مزید تفصیل کے لئے دیکھیں فتوی نمبر(2241)

http://www.urdufatwa.com/index.php?/Knowledgebase/Article/View/2241/140/ھذا ما عندی واللہ

اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی